29.04.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت 21ویں صدی کی ضرورتیں پوری کرنے کیلئے ملک کے تعلیمی نظام کو جدید بنا رہی ہے۔

☆ بھارت نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں، اقوامِ متحدہ میں پاکستان کی مذمت کی ہے۔ اُس نے اِسے عالمی سطح پر دہشت گردی کو ہوا دینے کی وجہ سے مخاصمانہ ملک قرار دیا ہے۔

☆ کانگریس پارٹی نے وزیر اعظم نریندر مودی سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں، پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کریں۔

☆ کینیڈا میں **Mark Carney** کی لبرل پارٹی، عام انتخابات میں کامیابی کے قریب ہے۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں، آج شام نئی دلّی میں ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - YUGM - Early**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت 21ویں صدی کی ضرورتیں پوری کرنے کیلئے ملک کے تعلیمی نظام کو جدید بنا رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مرکز ، ملک کے ہر طالب علم کیلئے تعلیم کا بندوبست کرنے کے مقصد سے عالمی درجے کا تعلیمی نظام متعارف کرا رہی ہے۔ جناب مودی نے یہ بات **YUGM** کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یہ کانکلیو اپنی نوعیت کا پہلا اہم کانکلیو ہے، جس میں آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں حکومت ، تعلیمی اداروں ، صنعت اور اختراعی اداروں کی سرکردہ شخصیتوں نے شرکت کی۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک کا مستقبل ، اِس کے نوجوانوں پر منحصر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ بات اہم ہے کہ انہیں بھارت کے تابناک مستقبل کیلئے تیار کیا جائے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ نئی تعلیمی پالیسی سے ملک میں یکسر تبدیلی آرہی ہے۔

***SB - 1400 - PM Modi - Hope with Conclave***

جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی یونیورسٹیوں کے کیمپس، فعال مرکزوں کے طور پر ابھر رہے ہیں، جہاں نوجوان بہت نئی اختراعات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''ایک ملک ایک فیس'' کے ذریعے ہر ایک طالب علم کیلئے عالمی درجے کی معلومات متعارف کرا رہی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِس سال کے بجٹ میں حکومت نے IIT اداروں میں سیٹوں میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ IITs اور ایمس کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے بہت سے Meditech کورسز شروع کئے گئے ہیں۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یہ سفر، بروقت پورا کیا جائے۔ انہوں نے بھارت کو، مستقبل کی ہر ٹیکنالوجی سے متعلق دنیا کی بہترین فہرستوں میں شامل کئے جانے کا یقین دلایا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت بھارت کیلئے AI کام کاج کے مقصد سے '' میک اے آئی اِن انڈیا'' کے تصور کے تحت کام کررہی ہے۔

***SB - 1415 - PM Modi AI***

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ 2014 سے پہلے، تحقیق کے تین ادارے فعال تھے۔ انہوں نے کہا کہ 2014 کے بعد، مزید چھ ادارے قائم کئے گئے اور حکومت، مزید تین ادارے تشکیل دینے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔

اس موقع پر سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ 21ویں صدی کا تعلق بھارت سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 11 سال میں نریندر مودی حکومت نے ، اختراع کو سب سے زیادہ ترجیح دی ہے۔x

**India Expose Pak**

بھارت نے اقوام متحدہ میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کا معاملہ پُرزور انداز سے اٹھایا ہے اور ایک پاکستانی وزیر کی جانب سے دہشت گردوں کو تربیت دینے اور سرمایہ فراہم کرنے کی بات قبول کرنے کو اُجاگر کیا ہے۔

پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف کے حالیہ ٹیلی ویژن انٹرویو کا حوالہ دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی نائب مستقل نمائندہ یوجنا پٹیل نے کہا کہ پوری دنیا نے پاکستان کے وزیر دفاع کے اِس قبول نامے کو سنا ہے کہ دہشت گرد تنظیموں کی مدد کرنا، تربیت دینا اور انھیں سرمایہ فراہم کرنا پاکستان کی تاریخ رہی ہے۔ محترمہ پٹیل نے کہا کہ اِس کھلے اعتراف سے کسی کو بھی حیرت نہیں ہوئی ہے اور عالمی دہشت گردی کو شہ دینے اور خطے کو غیر مستحکم کرنے والے ایک مخاصمانہ ملک کے طور پر پاکستان بے نقاب ہوا ہے۔

محترمہ یوجنا پٹیل نے پروپیگنڈہ پھیلانے کے لیے عالمی فورم کا بیجا استعمال کرنے اور بھارت کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کرنے پر پاکستان کی سخت نکتہ چینی بھی کی۔

***SB - 1400 - UN Yojana Patel / Pak***

**US Indian Community**

امریکہ کے مختلف حصوں میں بھارتی برادری نے وحشیانہ پہلگام حملے کے متاثرین کے لیے دعائیہ جلسوں اور شب بیداری کا اہتمام کیا۔

نیوجرسی کے ایڈیسن میں بھارتی - امریکی برادری کی قریب 20 تنظیموں کی نمائندگی کرنے والے 300 سے زیادہ اراکین، اس بہیمانہ دہشت گرد حملے کی مذمت کے لیے جمع ہوئے۔

Ohio کے کولمبس میں کمیونٹی اراکین نے بھارت اور امریکی پرچم ساتھ لے کر اتحاد اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردانہ حملے کے خلاف مزاحمت کا مظاہرہ کیا۔

اِس دوران دنیا بھر میں بھارتی برادری کے لوگوں نے متاثرین کے لیے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے خلاف بڑے پیمانے پر مظاہرے کیے۔

اِس کے علاوہ کینیڈا، ڈنمارک، برطانیہ، فرانس، فِن لینڈ، جرمنی اور اسپین میں بھی احتجاج کیے گئے۔x

**LoP Letter**

کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے نے پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے کے تناظر میں ملک کے اجتماعی عزم کا اظہار کرنے کے لیے پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کیے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کو بھیجے گئے ایک خط میں جناب کھڑگے نے کہا کہ ایک ایسے وقت کہ جب اتحاد اور یکجہتی ضروری ہیں، جلد سے جلد پارلیمنٹ کا اجلاس طلب کیا جانا اہمیت کا حامل ہے تاکہ اِس مہینے کی 22 تاریخ کو بے قصور لوگوں پر حملے کے خلاف ایک متحدہ محاذ کا مظاہرہ ہو سکے۔x

**BJP - Rahul PM Letter**

پہلگام دہشت گردانہ حملے پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلائے جانے کے کانگریس کے مطالبے پر BJP نے آج نکتہ چینی کی ہے۔ پارٹی ترجمان شہزادہ پونا والا نے نئی دلّی میں میڈیا کو بتایا کہ کانگریس کے سربراہ ملک ارجن کھڑگے کو پہلے یہ بتانا چاہیئے کہ کانگریس کا اِس دہشت گردانہ حملے پر کیا موقف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کُل جماعت میٹنگ کے دوران کانگریس

نے کہا تھا کہ وہ حکومت کے ساتھ ہے اور اِس معاملے سخت اقدامات کئے جانے چاہئیں ، جبکہ کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدّا رمیّا نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جانی چاہیئے۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ کانگریس کے کچھ لیڈر پاکستان کو قصوروار نہ ٹھہرا کر ، بھارت کو ہی قصور وار ٹھہرا رہے ہیں۔

***SB - Shehzad Poonawala***

BJP کے ایک دیگر ترجمان پردیپ بھنڈاری نے الزام لگایا کہ کانگریس ، پاکستان کے حکم پر عمل کرتی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت ، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پاکستان میں دہشت گردی کے آقاؤں کو منہ توڑ جواب دے گا۔x

**LOC - Firing**

جموں و کشمیر میں کل رات کنٹرول لائن سے متصل کچھ مقامات پر پاکستانی فوج نے فائرنگ کی، جس کا بھارتی فوج نے موثر انداز سے جواب دیا۔ محکمۂ دفاع کے ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج نے کپواڑہ اور بارہمولہ ضلعے کے ساتھ ساتھ اکھنور سیکٹر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقوں میں بلاجواز فائرنگ کی۔ بھارتی فوجیوں نے تیزی کے ساتھ مؤثر انداز سے جوابی فائرنگ کی۔ البتہ کسی طرح کے جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔x

**Dubai - Global Travel**

دبئی کے عالمی تجارتی مرکز میں 28 اپریل سے ایک مئی تک جاری 32ویں عربی سیاحت مارکیٹ ATM میں بھارت نے پرزور انداز سے اپنی موجودگی ظاہر کی ہے۔ اس تقریب میں 161 ملکوں کے 2 ہزار آٹھ سو Exhibitors ایک جگہ جمع ہوں گے اور 55 ہزار لوگوں کے آنے کی توقع ہے۔ ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے عربی سیاحت مارٹ کے پہلے دن Incredible India پویلین اور کئی ریاستوں کے پویلین کا افتتاح کیا اور سعودی عرب کے سیاحتی محکمے کے نمائندوں کے ساتھ مختصر تبادلۂ خیال کیا، جس سے ملک کے باہر کی جارہی تعاون کی کوششوں کا پتہ چلتا ہے۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت میں دلچسپی کے کئی پہلو ہیں، جیسے سمندر اور پہاڑ، جنگلات اور جدید بنیادی ڈھانچہ، جو متنوع سیاحتی ایکوسسٹم کیلئے ضروری ہر موقع فراہم کرتے ہیں۔x

**PM Parshuram Jayanti**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج پرشورام جینتی کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ بھگوان پرشورام کے آشیرواد سے ہر ایک کی زندگی ہمت اور قوت سے سرشار ہوجائے گی۔x

**CCPA - Service Charges**

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی نے، سروس چارج نہ لوٹانے پر، دلّی کے پانچ ریستورانوں کے خلاف، از خود کارروائی کی ہے۔ صارفین کے امور، خوراک اور تقسیمِ عامہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ اِن ریستورانوں نے، دلّی ہائی کورٹ کے ایک فیصلے کے باوجود، سروس چارجز، لازمی طور پر واپس نہیں کئے۔ اِن ریستورانوں کو سروس چارج کی رقم واپس کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے، صارفین کے تحفظ کے قانون 2019 کے تحت نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔x

**Pak - Lawyers Protest**

پاکستان کے سندھ صوبے میں سندھو ندی پر 6 نئی نہروں کی تعمیر کے خلاف احتجاجات میں شدت آ گئی ہے۔ وکیل، سماجی کارکنان اور سول سوسائٹی کے گروپوں نے مفاد عامہ کی کونسل کے تازہ اعلان کو مسترد کردیا ہے۔ اس متنازعہ پروجیکٹ پر اتفاقِ رائے حاصل کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی۔ یہ پروجیکٹ، جس کو جولائی 2024 میں صدر آصف علی زرداری نے منظور کیا تھا، اس کے ذریعے بنجر زمینوں تک پانی پہنچانا اس پروجیکٹ کا مقصد تھا۔ ان احتجاجات سے پاکستان کے وفاقی منظرنامے میں کشیدگی ظاہر ہوتی ہے اور پاکستان کے صوبوں میں وسائل کی تقسیم پر پیدا ہورہی بے چینی بھی ظاہر ہوتی ہے۔ نہروں کے اس پروجکیٹ سے حکمراں اتحاد میں بھی کشیدگی پیدا ہوگئی ہے۔x

**Canada Elections**

کینیڈا کے انتخابات میں Mark Carney کی قیادت والی لبرل پارٹی کا جیتنا طے ہے۔ تازہ رجحانات کے مطابق لبرل پارٹی 167 سیٹوں پر سبقت لئے ہوئے ہے، جبکہ Pierre Poilievre کی قیادت والی کنزرویٹیو پارٹی 145 سیٹوں میں سبقت حاصل کئے ہوئے ہے۔ اکثریت حاصل کرنے کیلئے کسی بھی پارٹی کو 343 سیٹوں میں سے کم از کم 172 سیٹیں جیتنی ہوتی ہیں۔ پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے Carney نے کینیڈا کے باشندوں سے زور دے کر کہا کہ وہ ایک مضبوط اور آزاد کینیڈا تعمیر کرنے کی خاطر تبدیلی کے کاموں کیلئے تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ ہمیں توڑنے کی کوشش کررہے ہیں تاکہ وہ ہم پر حکومت کرسکیں لیکن ایسا کبھی نہیں ہوگا۔x

**Jaishankar - Greece**

خارجی امور کے وزیر ڈاکٹر جے شنکر نے آج یونان کے وزیر خارجہ George Gerapetritis سے بات کی۔ دونوں لیڈروں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف

یونان کا مضبوط موقف قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کی اسٹریٹیجک ساجھیداری سے ہمارے گہرے تعلقات کی عکاسی ہوتی ہے۔x

**Day IPL**

IPL کرکٹ میں آج نئی دلی میں Delhi Capitals کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے گجرات ٹائٹنس کو 8 وکٹ سے کراری شکست دی۔ اِس کامیابی میں ویبھو سوریہ ونشی کی تاریخی سینچری اور یشسوی جیسوال کے 70 رن کا اہم رول رہا۔ جیسوال آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔

گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلز کے سامنے 210 رن کا نشانہ رکھا تھا، جو اُس نے محض 15 اوورس اور 5 گیندوں میں صرف 2 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ ویبھو سوریہ ونشی نے صرف 38 گیندوں پر 101 رن بنائے۔ اُنھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس طرح سوریہ ونشی نے کئی نئے ریکارڈ قائم کیے۔ وہ IPL کی تاریخ میں سینچری بنانے والے سب سے کم عمر کھلاڑی بن گئے ہیں۔

انھوں نے ٹورنامنٹ کی تاریخ میں دوسری سب سے تیز رفتار سینچری بنائی ہے۔ اِس کے علاوہ وہ سب سے تیز رفتار سینچری بنانے والے بھارتی کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔x

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج ناگالینڈ ، منی پور ، میزورم ، تریپورہ ، آسام ، اڈیشہ اور میگھالیہ میں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے شمال مشرقی بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران ہلکی سے اوسط بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے ، بجلی چمکنے اور تیز ہواؤں کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

ماہرینِ موسمیات نے بتایا کہ آج ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، ہماچل پردیش، مغربی راجستھان، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت،بلتستان اور مظفرآباد میں الگ الگ جگہوں پر شدید گرمی کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆